# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 26 جون 2003ء بمطابق 25 ربیع الثانی 1424 ہجری صبح دس بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہاں خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ أَفَإِيْن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ ۚ وَمَن يَنقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ اللَّهَ شَيْئًا ۗ وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ كِتَابًا مُّؤَجَّلًا ۗ وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا ۚ وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ

(ترجمہ) اور محمد تو صرف خدا کے پیغمبر ہیں ان سے پہلے بھی بہت سے پیغمر گزررے ہیں۔ بھلا اگر یہ مر جائیں یا مارے جائیں تو تم دین سے رو گردانی کروگے اور جو دین سے رو گردانی کرے گا تو خدا کا کچھ نقصان نہیں کر سکتا اور خدا شکر گزاروں کو بڑا ثواب دیگا۔ اور کسی شخص میں یہ طاقت نہیں کہ خدا کے حکم کے بغیر مر جائے، اس نے موت کا وقت مقرر کر کے لکھدیا ہے اور جو شخص دنیا میں اپنے اعمال کا بدلہ چاہے اس کو ہم یہیں بدلہ دے دینگے اور جو آخرت میں ثواب کا طالب ہو اس کو ہم آخرت میں اجر عطا کرینگے اور ہم شکر گزاروں کو عنقریب بہت اچھا بدلہ دیں گے۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، بغرض منظوری ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ جناب مشمر شاہ صاحب، ایم پی اے، آج اور کل کیلئے، جناب محمد امین صاحب، ایم پی اے آج کیلئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted:

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes 'have it. Leave is granted.

## سالانہ بجٹ برائے سال 04-2003 کے مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Demand No. 49. The Honorable Minister for Health, N.W.F.P, to please move his Demand No. 49. Honourable Minister for Health, N.W.F.P; Please.

49شوې دے ؟ نه دے شوې۔

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): میں نے کل رات آپ کے ساتھ ٹیلیفون پر بات کی تھی۔ آپ نے کہا تھا کہ یہ ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر: میں کوئی کمپیوٹر تو نہیں ہوں کہ میں آپ کو بتادوں کہ بس یہ ہو گیا ہے۔

وزیر صحت: ڈیمانڈ نمبر 49۔ جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/Rs.694,555,000(چھ سو چورانوے ملین، پانچ سو پچپن ہزار روپے) سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون، 2004 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ہیلتھ سروسز کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔ شکریہ جناب۔

Mr. Speaker: The motion moved " that a sum not exceeding Rs. 694,555,000/- (Rupees Six hundred ninety four million, five hundred fifty five thousand only), may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come to course of payment for the year ending 30th June, 2004, in respect of Health Services".

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motion on Demand No. 49, therefore the question before the House

is that Demand No. 49 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 50. The honorable Minister for Irrigation N.W.F.P; to please move his Demand No.50. The Honorable Minister for Health, N.W.F.P; please move on behalf of Minister for Irrigation please.

Minister for Health; Sir, On behalf of Minister for Irrigation and Power, N.W.F.P;

" میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ -/Rs.341,300,000(تین سو اکتالیس ملین، تین سو ہزار روپے) سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2004ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعمیرات آبپاشی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔" شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion moved " that a sum not exceeding Rs. 341,300,000/-( Rupees three hundred forty one million, three hundred thousand only), may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2004, in respect of Construction of Irrigation".

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motion on Demand No.50, therefore, the question before the House is that Demand No. 50 may be granted? Those who are in favoure of it may say 'Yes", and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No.51. The honorable Chief Minister, N.W.F.P, to please move his Demand No. 51. The honorable Chief Minister. N.W.F.P., please.

Mr. Zafar Azam (Minister for Law): Thank you sir. I, on behalf of honourable Chief Minister, N.W.F.P., beg to move that a sum not exceeding Rs.808, 960,000/- (Rupees eight hundred eight million, nine hundred and sixty thousand only), may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2004, in respect of construction of Roads, Highways and Bridges'. Thank you sir.

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding Rs.808,960,000/- (Rupees eight hundred eight million, nine

hundred and sixty thousand only), may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2004, in respect of construction of Roads, Highways and Bridges ".

Since all the honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No.51, therefore, the question before the House is that Demand No. 51 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No.52. The honorable Chief Minister, N.W.F.P, to please move his Demand No. 52. Honourable Chief Minister, N.W.F.P., please.

Mr. Zafar Azam (Minister for Law):- Thank you sir. I, on behalf of honorable Chief Minister, N.W.F.P., beg to move "that a sum not exceeding Rs. 24,188,000/- (Rupees twenty four million , one hundred eight thousand only) may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30thJune, 2004, in respect of Construction of Buildings". Thank you.

Mr. Speaker: The motion moved: "that a sum not exceeding Rs. 24,188,000/- (Rupees twenty four million, one hundred eight thousand only) may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30thJune, 2004, in respect of Construction of Buildings

"Since all the honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No.52, therefore, the question before the House is that Demand No. 52 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 54. The honourable Minister for Finance and Planning and Development, N.W.F.P., to please move his Demand No. 54. Honourable Minister for Finance and Planning and Development, N.W.F.P. please.

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/Rs.1,490,247,000 (ایک ہزار چار سو نوے ملین، دو سو سینتالیس روپے) سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2004ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خصوصی پروگرام کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved "that a sum not exceeding Rs.1,490,247,000/- (Rupees one thousand four hundred and ninety million, two hundred and forty seven thousand only), may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2004, in respect of Special Programme"

Since all the honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No.54, therefore, the question before the House is that Demand No. 54 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 55. The honorable Minister for Finance and Planning and Development, N.W.F.P, to please move his Demand No. 55. Honorable Minister for Finance and Planning and Development, N.W.F.P please.

سینیئر وزیر خزانہ: جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/Rs. Rs.963, 393,000 (نو سو تریسٹھ ملین، تین سو تریانوے ہزار روپے) سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2004ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران ضلعی پروگرام کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

جناب اسرار اللہ خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔۔۔

Mr. Speaker: The motion moved that the ----

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! جیسے آپ کہہ رہے ہیں کہ سب نے Withdraw کئے ہیں، میں اسے Withdraw نہیں کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں، میں آرہا ہوں اس پہ۔ ابھی تک تو مطلب ہے کہ ہاؤس میں بالکل،۔۔۔

The motion moved " that a sum not exceeding Rs.963,393,000/- (Rupees nine hundred sixty three million, three hundred ninety three thousand only), may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th s June, 2004, in respect of District Programmes".

Cut motions on Demand No.55. Qazi Muhammad Assad Khan, MPA has withdrawn. Mr. Hamid Iqbal, MPA has also withdrawn. Mr. Israrullah Khan Gandapur, MPA to please move his cut motion on Demand No.55.

جناب اسرار اللہ خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں اس ڈیمانڈ میں پانچ سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved that the total grant be reduced by Rupees five hundred only.

چونکہ All other members نے Withdraw کیا ہوا ہے لہذا جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

قاضی محمد اسد خان: سر! میں نے Withdraw نہیں کیا۔ آپ نے کل بھی مجھ سے سب کچھ Withdraw کروایا تھا۔

جناب سپیکر: یہ تو ہو گیا ہے بس۔ قاضی صاحب! چھوڑ دیں۔

قاضی محمد اسد خان: سر! یہ کونسے قانون کے تحت کیا ہے؟

جناب سپیکر: وہ Cover کریں گے۔

قاضی محمد اسد خان: اگر ان کی ضد ہے تو پھر میری بھی ضد ہے نا جی۔

جناب سپیکر: نہیں۔ میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): قاضی صاحب نے تو دو دفعہ Withdrawn کیا ہے۔ آپ کے پارلیمانی لیڈر۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز، قاضی صاحب۔

قاضی محمد اسد خان: جناب سپیکر! میں نے باقی کٹ موشنز Withdraw کیے تھے لیکن یہ سب کی ضرورت ہے۔ یہ ساری اسمبلی کے لئے ضروری ہے جی،اس میں ہم بات کرینگے۔آپ کے فائدے کی بات ہے۔ ممبرز کے فائدے کی بات ہے۔

جناب سپیکر: پلیز قاضی صاحب! آپ ان کو سنیں نا۔ان کو سنیں۔میرے خیال میں آپ کی تشنگی نہیں رہے گی۔کوئی بھی کمی نہیں رہے گی۔اسرار اللہ خان کی Efficiency ہے۔۔۔۔۔

قاضی محمد اسد خان: سر! آپ سنیں کچھ نہیں ہوگا۔

جناب سپیکر: مجھے پورا پورا یقین ہے۔

قاضی محمد اسد خان: سر! صرف دومنٹ کی بات ہوگی۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں آپ ان کو سنیں۔ہاں۔آپ تحمل سے ان کو سنیں بس۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! میں قاضی صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ میں نے In writing سپیکر صاحب کو کل درخواست دی تھی کہ میں Withdraw نہیں کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر! میں کٹ موشن اس لئے پیش کر رہا ہوں کہ جیسے میں نے لکھا بھی ہے کہ موجودہ مالی کمیشن، لوکل گورنمنٹ آرڈ نینس سے ہم آہنگ نہیں ہے۔ سپیکر صاحب! اس پر، آپ کو علم ہوگا کہ، عبدالاکبر خان کی بھی Reservation تھی۔ میں نے بھی اس پر بحث میں حصہ لیا تھا۔ بجٹ میں بھی اس پہ تقریر کی تھی کہ NFC کے ایوارڈ کے لئے تو ہم سب اکٹھے واک آؤٹ کرتے ہیں مگر PFC ہمارے اپنے صوبے کا ہے، NFC تو وہ خواب ہے جو پتہ نہیں کب پورا ہوگا کیونکہ وہ مرکز سے ایک چیز ہے PFC ایک ایسی چیز ہے جو سارے صوبے کی ہے۔اگر اس طرف ہم توجہ دیں تو یقیناً اتنی سیونگ ہو سکتی ہے کہ ممبران اسمبلی کے لئے جو ایک کنواں سا کھودا گیا ہے، اس میں حکومت کے لئے بھی آسانی ہوگی اور چونکہ یہ سب ہماری اسمبلی کے لئے ہے تو میرے خیال میں اپوزیشن بھی اس چیز کی Favour کرے گی۔ جناب سپیکر! اس میں جو غلطیاں ہیں اس میں Last year projected جو اس کی Amount تھی وہ 660 ملین تھی جو کہ revised میں تقریباً 960 ملین تک چلی گئی، یعنی 300 ملین اس میں تقریباً زیادہ ہو گئے ہیں This year جناب سپیکر! یہ 963.393، ہو سکتا ہے Revise میں اس سے بھی آگے بڑھ جائے۔اس کے ساتھ

ساتھ آپ کو یاد ہو گا کہ Budget speech میں بھی سراج الحق صاحب نے کہا تھا کہ دس پرسنٹ ہم اس پہ Increase دے رہے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ وہ Amount ہے جو ڈسٹرکٹ گورنمنٹس کو جاتا ہے سیلری بھی صوبے کے ذمے ہے۔ 704 ملین، ڈی آئی خان کی میں مثال دوں گا چونکہ وہ میرا اپنا ضلع ہے، 704 ملین جو ہیں، وہ بھی صوبائی حکومت کے ذمے ہیں۔ 77 ملین جو Non salary amount ہے Non salary وہ آجاتا ہے جیسے POL ہو گیا، ایم اینڈ آر ہو گیا یا Other expenditure ہو گیا، وہ بھی صوبے کے ذمے ہیں Ontario جو ہے، وہ جی ایس ٹی کی مد میں آتا ہے اور وہ بھی سنٹر سے آتا ہے وہ بھی ضلع ٹیکس اور Ontario کی صورت میں ڈائریکٹ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو جارہا ہے۔ صوبے کے پاس جو بچ جاتا ہے اے ڈی پی کے لئے۔ اس میں سے بھی 960 ملین ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو جارہا ہے اور جیسے میں نے کہا کہ یہ مالی کمیشن صوبائی ہے۔ یہ اس کے ساتھ ہم آہنگ نہیں ہے کیونکہ جس وقت یہ ایوارڈ Constitute کیا گیا تھا جناب سپیکر وہ غیر جمہوری حکومت تھی۔ اس وقت یہ Safety evolve نہیں تھا جو کہ اب ہے۔ اب صوبائی لیول پہ ہماری نمائندگی موجود ہے اور یہاں پر ممبران اسمبلی بیٹھے ہیں۔ یہ لوکل گورنمنٹ کا آئیڈیا ہے، اور ہم اس کی مخالفت ہرگز نہیں کرتے لیکن لوکل گورنمنٹ جو ہے وہ Locally generated revenues کے Through ہوتا ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ Locally آپ خود Generate نہ کریں۔ ان کے پاس اپنے شیڈول ہیں ان کے پاس اپنے ٹیکسز ہیں، ہیلتھ ٹیکس ہے، ایجوکیشن ٹیکس ہے لیکن اس کے باوجود بھی صوبے کو اس چیز کا پابند کیا گیا ہے کہ آپ دیں اور جو صوبے کی پابندی ہے وہ 35 percent ہے۔ لیکن 60 percent amount جو ہے، وہ جارہا ہے۔ آپ کے علم میں ہو گا جناب سپیکر، کہ Provincial divisible pool ہے اس سے جو Provincial obligatory expenditure ہے، وہ Extract کر کے بعد میں جو رہ جاتا ہے، اس میں سے ایک کو Provincial allocable amount کا نام دے دیتے ہیں اور Provincial Retain amounts صوبہ اپنے پاس رکھتا ہے۔ Allocable amount ضلعوں کو چلا جاتا ہے اس میں جو Ratio Provincial Finance commission کی ہے جناب سپیکر Retain amount جو صوبے کے پاس رہ جاتا ہے، وہ چالیس پرسنٹ ہے۔ جبکہ جو Allocable amount ہے جو Sixty

percent ہے تو Sixty percent ڈسٹرکٹ کو جارہا ہے اور چالیس پرسنٹ صوبے کے پاس رہ جاتا ہے۔ جناب سپیکر! میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے پورے صوبے کا جو مسئلہ ہے اور ہمیں اس تفرقے میں نہیں پڑنا چاہیئے کہ یہ مجلس عمل کی حکومت ہے، ہو سکتا ہے سنٹر کے ساتھ ان کی ناراضگی ہو لیکن چونکہ ہم اپوزیشن والے اس اسمبلی کا حصہ ہیں، صوبے کا حصہ ہیں تو میرے خیال میں اس میں ایک جائنٹ ریزولیوشن لانی چاہیئے جس میں اپوزیشن اور حکومتی بینچیز جیسے این ایف سی پہ انہوں نے ایک اکا دکھائی تھی۔ اس پہ اکا دکھائیں تاکہ کل کو اگر وہ میری تجاویز کے ساتھ جیسے میں کہتا ہوں کہ Thirty five percent پہ لائیں، اگر اس سے وہ Agree کرتے ہیں تو ہماری پراونشل گورنمنٹ پر کل کو زور نہ ہو کہ یہ پھر ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے ساتھ چھیڑ خانی کر رہے ہیں تو ان کے لئے آسانی ہو گی اور چونکہ یہ سارے صوبے کا مسئلہ ہے تو میرے خیال میں سارے ممبران اسمبلی کو حکومت کا ساتھ دینا چاہیئے اور میری یہ تجویز ہے کہ Thirty five percent جیسے لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں ہے، وہ ڈسٹرکٹ کو دینا چاہیئے اور Sixty percent کا جو Amount ہے وہ اب ان کو نہیں دینا چاہیئے کیونکہ پراونشل لیول پہ لوگوں کی ترجمانی ڈائریکٹ ووٹ کی شکل میں موجود ہے۔ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ جو ہے وہ ان ڈائریکٹ ووٹ ہے۔ جناب سپیکر! ہم Directly لوگوں کے نمائندے ہیں اور میرے خیال میں یہ بہتر ہو گا۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب قاضی محمد اسد خان صاحب۔

قاضی محمد اسد: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ میں بنیادی طور پر یہی بات کرنا چاہتا تھا۔ تھوڑے سے۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: بس آپ کر لیں۔ دل کی بھڑاس خوب نکالیں۔ آپ کو پوری پوری اجازت ہے۔

جناب خالد وقار: بسم اللہ او وا یہ۔

قاضی محمد اسد: پڑھ لی ہے۔

جناب سپیکر: سپیکر صاحب نے پڑھ لی ہے۔ بس۔

قاضی محمد اسد خان: اچھا میں نے بھی پڑھ لی ہے جی۔ میں یہ کہنا چاہتا تھا مسٹر سپیکر کہ جتنی LFO پر بحث ہو رہی، ہم اس کی بحث والے حصے پر زیادہ زور دے رہے ہیں کہ سنٹر میں بھی اور پراونس میں بھی ہم نے

اس کی مخالفت کرنی ہے اوراس کے حامی ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ اس کی حمایت کرتے ہیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ ہمیں چاہیئے کہ LFO کے ان Sections کو ہم بیٹھ کر ڈسکس کریں اور جب تک ہم ان کو ڈسکس نہیں کریں گے ہم یہ باتیں سامنے نہیں لاسکتے ہیں۔ جیسے اسرار صاحب نے ابھی بات کی ہے کہ ان کو پینتیس پرسنٹ جانا چاہیئے اور یہ اس وقت ایوارڈ دیا گیا تھا جب ہم لوگ یہاں موجود نہیں تھے یہاں پر صوبائی نمائندگی نہیں تھی اور چونکہ یہ صوبے کے پیسے وہاں جارہے ہیں تو یہ بہت ضروری ہے کہ اس پر ہم لوگ بحث کرکے ایک جائنٹ ریزولیوشن لائیں آپ کو پتہ ہے کہ ہمارا تعلق ایک ایسی جماعت سے ہے کہ سنٹر میں ہماری حکومت ہے لیکن صوبائی حقوق کے لئے ہم آواز اٹھارہے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ آواز اٹھاتے رہیں گے (تالیاں) اور اپنی ٹریژری بنچز سے گزارش ہے کہ اس بات کو وضاحت کے ساتھ ہم لوگوں کو یہاں پر ڈسکس کرنا چاہیئے اور یہ صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف نے بھی کہا تھا کہ آپ سنٹر میں یا صوبوں میں جہاں پر بھی آپ چاہتے ہیں آپ کو LFO پر اعتراض ہے تو اس کی ایک ایک چیز کو باہر لا کر اس پر ڈسکشن کی جائے نہ کہ اس پر واک آؤٹ کیا جائے اور اس پر ہنگامہ آرائی کی جائے۔ میں یہ کہنا چاہونگا۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر خزانہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! اسرار اللہ گنڈاپور صاحب اور قاضی محمد اسد صاحب نے جس امر کی طرف اشارہ کیا ہے اور جس موضوع پر انہوں نے بحث کی ہے تو میں یہ اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ این ایف سی ایوارڈ مرکز کے ساتھ ایک معاملہ ہے اور اس کا انعقاد آئین کا تقاضا ہے اور بروقت اس کا اہتمام کرنا چاروں صوبائی حکومتوں کے مفاد میں ہے، عوام کے مفاد میں ہے۔ اس سے پہلے بھی اس اسمبلی نے اس ایوارڈ کے انعقاد کا مطالبہ کیا تھا اور اب بھی اس موقف پر قائم ہے اور ان شاءاللہ وہ وقت آئے گا کہ جس طرح یہاں کے بچے بچے کی زبان پر اب یہ بات آئی ہے کہ مرکز کو چاہیئے کہ ہمیں اپنا حق دے دے اور مجھے خوشی ہے کہ اب تو سکول کے بچے بھی آپس میں Discussion کرتے ہیں کہ مرکز پر ہمارا 309 ارب روپے کا قرضہ ہے (تالیاں) اور کل جب اخبارات میں یہ بات آئی کہ باہر کے دورے کے نتیجے میں کوئی تین ارب ڈالرز ملنے والے ہیں تو پشاور میں بچوں نے یہی کہا کہ اب ہمیں اپنا حصہ ضرور ملے گا اس لئے کہ اگر تین ارب باہر سے ملتے ہیں تو اس میں اپنا حصہ ملے گا ہی ملے گا (تالیاں)

بہر حال میں آتا ہوں اسرار اللہ گنڈاپور صاحب اور قاضی اسد صاحب کی بات پہ کہ انہوں نے جس امر کی طرف اشارہ کیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ گھر کا معاملہ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ کیونکہ یہ صوبائی اسمبلی ایک پالیسی ساز ادارہ ہے، ایک قانون ساز ادارہ ہے، اور صوبے کے ہر معاملے کے بارے میں یہ پالیسی، اصول اور قانون بنا سکتے ہیں اور یہ سب اس لمحے کی بات نہیں ہے بلکہ کسی بھی سیشن میں اور اس سیشن کے اختتام پر بھی بات ہو سکتی ہے۔ کسی بھی وقت اس موضوع پہ ہم بحث کر سکتے ہیں اور کسی بات پہ یکسو ہو کر اس پہ ایک متفقہ قرارداد کی صورت میں بھی لا سکتے ہیں۔ اور میں بالکل اس نکتے کو Like کرتا ہوں کہ جس طرح انہوں نے کہا کہ ایک بحث اس وقت موجود ہے کہ حکومت بلدیاتی اداروں کے ساتھ کس طرح چل رہی ہے؟ حال یہ ہے کہ ہمارا تو پہلا موقف یہی ہے کہ ہم ان کے ساتھ چلانا چاہتے ہیں، ان کو مضبوط اور توانا دیکھنا چاہتے ہیں اور نچلی سطح پر بھی ہم یہ چاہتے ہیں کہ یونین کونسل اور ضلع کونسل اور تحصیل کونسل کی سطح پر بھی صوبائی اسمبلی کے ممبران ان کو تعاون دینا چاہتے ہیں۔ ان کو مشورہ دینا چاہتے ہیں، اور ویلفئیر اور فلاحی کاموں میں ان کے ساتھ تعاون کرنا چاہتے ہیں۔ لہذا اس امر میں کوئی معنی نہیں ہیں کہ ہم ایک پورے Discussion کے ساتھ اسمیں شریک ہوں۔ اور جو بھی اس ہاؤس کی یکسوئی ہو اس کو ایک متفقہ موقف کی صورت میں قوم کے سامنے لایا جائے۔ فی الوقت میں دونوں ممبران سے مطالبہ اور درخواست کروں گا کہ وہ اپنا کٹ موشن واپس لے لیں اور ان شاءاللہ آئندہ کسی مجلس میں اس پہ گفتگو کریں گے۔

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! بحث کا مقصد بھی یہی تھا کہ یہ چیز ہائی لائٹ ہو جائے کہ جو صوبے کیساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور جیسے منسٹر صاحب نے کہا کہ یہ اس چیز کو چونکہ Disputed تسلیم کر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس پر Discussion بعد میں کریں گے تو میں اپنی کٹ موشن Withdraw کرتا ہوں، ان کی Surety پر۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب! چونکہ آپ نے تو پیش ہی نہیں کی ہے تو میرے خیال میں۔۔۔۔

قاضی محمد اسد: پیش تو سر، چالیس کروڑ کا کیا ہے۔

ایک آواز: یہ واپس نہیں لے رہے جناب۔

(قہقہے)

Mr. Speaker: Since all the Honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 55, therefore the question before the House is that Demand No. 55 may be granted. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say No.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

چونکہ آج صبح سے میں انتہائی معزز رکن جناب شاد محمد خان کا موڈ دیکھ رہا ہوں کہ وہ انتہائی Dis-moded ہیں (تالیاں) آج وہ مطالبہ بھی نہیں کر رہے ہیں لہذا تھوڑی سی ہم بریک کرتے ہیں۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: مجھے ایک بات کی اجازت دیجئے سر۔ ہمارے وزراء شکریہ ادا کرنے میں بہت بخیل ہیں۔ میں اپنے وزراء کی طرف سے تمام بہن بھائیوں کا جنہوں نے کٹ موشن واپس لئے ہیں۔ بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: اب میں Sitting کو ٹی بریک کے لئے Adjourn کرتا ہوں۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب بشیر احمد بلور: پوائنٹ آف آرڈر مسٹر سپیکر سر۔

جناب سپیکر: جی بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! تاسو دا لږ د دې بجټ Calculation او کړئ جي چې مونږ ته دوئی دا بجټ چې کوم پاس کړے دے ، 51 بلین 45 کروړ 97 لاکھ اينډ 56 هزار

جناب سپیکر: 51 بلین، 45 کروڑ 97 لاکھ اور 56 ہزار۔

جناب بشیر احمد بلور: او دا چې کوم دا مطالبات زر چې کوم مونږه منظور کړی دی کنه جی د دې ټوټل راځی 53 بلین ،62 کروړ ،90 لاکھ ،5 هزار ،8 سو نوے۔

جناب سپیکر: ہاں۔

جناب بشیر احمد بلور: 890

جناب سپیکر: 890

جناب بشیر احمد بلور: دا تقریباً دوہ اربه، اوولس کروړه روپئی چې دی، دا هغه بجټ Figuresاو مطالبات زر کښې فرق دے نو دا به لږ فنانس منسټر صاحب Explainکړی چې دا څه وجه ده۔ دا ولے یا په بجټ کښې څه Calculationکښې یا مونږه په خپل Calculationکښې تیر وتی یو که دوئی Calculationکښې تیر وتی دی؟ د دې څه پوزیشن دے؟ دا به زما ریکویسټ وی فنانس منسټر صاحب ته چې دا لږ Explainکړی۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب! تاسو د بشیر احمد بلور صاحب په پوائنټ آف آرډر باندې پوهه شوئی؟

سینیئر وزیر: جی ہاں، میں یہ ساری وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا اچھا۔

سینیئر وزیر خزانہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ایک دو ایشوز ایسے ہیں کہ جن کی میں وضاحت کرنا چاہونگا۔اس کے علاوہ بھی، ایک تو یہ ہے کہ جو ڈیمانڈ نمبر 28ہے اس میں پچھلے سال یہ 2002-03کی ڈیمانڈ تھی لیکن چونکہ یہ ڈیمانڈ نظر ثانی شدہ بجٹ میں، 2002-03میں شامل ہے، اس لئے رکھنی پڑی ہے۔ لیکن اب یہ، وہ مد تو ہے 28نمبر میں لیکن 2003-04میں اس کے لئے وہ نہیں رکھے گئے ہیں لیکن وہ مد چونکہ شامل ہے لیکن پیسے اس کے لئے Allocateنہیں کئے گئے ہیں، (مداخلت) ایک منٹ مجھے وضاحت کرنے دیں تو یہ 2003-04کی ڈیمانڈ ہے اب لیبر کے ڈیمانڈ میں شامل کی گئی ہے اور اس طرح یہ شیڈول میں واضح کر دی گئی ہے اسی طرح ایک اور Question ہے اور وہ ڈیمانڈ نمبر 53کا ہے یہ بھی اس سال یعنی یہ ایک ایڈیشنل اے ڈی پی کے حوالے سے ہے اور بہت سارے ساتھیوں نے اس پر سوالات بھی کیے ہیں۔ 2003-04میں ایڈیشنل اے ڈی پی نہیں ہے جبکہ پچھلے سال 2002-03 کے نظر ثانی شدہ تخمینہ جات میں شامل ہے اس لئے یہ گرانٹ رکھنی پڑی ہے لیکن مد ہے اور اس کے لئے پیسے Allocate نہیں کیے گئے ہیں۔ مجموعی طور پر ویسے انتظامی اخراجات جو ہمارے ہیں، اس سال وہ 47ارب

کے ہیں اس میں جو Current Capital ہے، وہ 15 ارب Something ہے اور ترقیاتی جو اخراجات 14 ارب کے ہیں، اس طرح یہ کل کوئی 77 وہ بنتے ہیں تو اس کی بنیاد پر۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر! زما Point of view دا دے چې دا دوئی اووے چې 28 نمبر چې دے دا په دې مطالبات زرکښې فالتو لیکلے شوې وو، هغه Previous کال کښې وو، په دیکښې 28 هډو شته دے نه۔ تاسو دا مطالبات زر اوګورئی۔

جناب سپیکر: هغوئی خو هم دا اووے چې نشته۔

جناب بشیر احمد بلور: خو د هغې باوجود د دې Calculation چې دے کنه۔

جناب سپیکر: بشیر خان یو Charged expenditure وی او یو Voted وی۔

جناب بشیر احمد بلور: او جی۔

جناب سپیکر: دا تاسو چې کوم 51 ارب اووے، دا Voted دے او دا نور Figures چې کوم ورسره جمع شی نو دا Charged دغه دے۔

جناب بشیر احمد بلور: ٹھیک خبره ده۔

جناب سپیکر: نو دا د هغه Voted amount دے دا تاسو چې کوم Demand for grants دغه کړه کنه نو دا مطلب دا دے Voted دغه دی Voted، او هغه Charged چې پکښے جمع کړئی نو بیا ترے نه دغه Figures جوړیږی۔

جناب بشیر احمد بلور: بنه جی او بل یو پوائنټ آف آرډر زما دا دے جی۔ ماته اجازت دے جی؟

جناب سپیکر: ولے نه، ولے نه۔

جناب بشیر احمد بلور: ما دا ریکویسټ کولو چې پرون کوم وخت مونږ دا خپل کټ موشنز واپس اغستل کنه جی نو هغې وخت دا هیلتھ ډیپارټمنټ والا داسې وو چې۔ هغوئی مونږ ته څه Explanation نه دے کړے چې هغه اخراجات چې دی نو هغه به په کوم ډسټرکټ کښې به څومره څومره خرچ کیږی؟ په فلور آف هاؤس مونږ ته وزیر خزانه صاحب هم اور Minister for Health هم دا خبره کړې وه

چې۔ مونږ به دا تاسو ته Explain کړو چې په کوم ډسټرکټ کښې څومره اخراجات دی ولے چې دا Lump sum amount دے په دیکښې مونږ ته پته نه لګی د دې څیز۔ هغه مونږ ته مهربانی اوکړئی چې هیلتھ منسټر صاحب یا Minister for Finance دا بیا کړی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! زه د بشیر صاحب دا خبره لږه مخکښې بوځم۔ دوه خبرې وے یوه دا وه چې په ډسټرکټ کښے چې کوم Expenditure دی او بل دوئمه خبره دلته کښې چې دوئی کوم اووے چې Autonomous bodies دی نو هغوئی ته مونږ One lac grant ورکوؤ نو د هغې به Detail مونږ ته راځی۔ تاسو زمونږ سره Commitment دا کړے وو چې یره تاسو دا خپل Cut motion دے پاس شی د هغې نه پس به چې کوم دے د بجټ پاس کیدو نه مخکښې تاسو ته دا Details د ډسټرکټ Plus هغه چې کوم دغه دی، هغه به مونږ ته دلته Provide کوی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب سپیکر! میں بلور صاحب اور عبدالاکبر خان کی بات کی تائید کرتا ہوں کہ اس وقت وعدہ ہوا تھا کہ کٹ موشنز واپس لے لیں اور ہم اس سے پہلے آپ کو اس کی Detail provide کردیں گے لیکن وہ ہمیں Provide نہیں کی گئی تو منسٹر صاحب یہاں پر موجود ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ٹھیک ہے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ تو ڈسٹرکٹس کے لئے ہیں ابھی ہمارے پاس بھی پڑے ہوئے ہیں اور آپ کے پاس بھی اور بھی آجائیں گے۔ سارے ممبرز کے لئے لیکن یہ تو ڈسٹرکٹس کے لئے ہیں۔ ہم تو پشاور کے لئے انہوں نے جیسے Autonomous declare کیا ہے ان کی Detail ہم چاہتے ہیں، انکی Detail ہمیں مل جائیں۔

جناب سپیکر: جی، Minister for Health۔

جناب عنایت اللہ(وزیر صحت): بسم الله الرحمن الرحیم! د کومه حده پورے چې د ډسټرکټس تعلق دے نو زه دا ګزارش کوم چې 2.64 Billions چې کوم Demands مونږه کړی وو د ګرانټس د پاره، په هغې کښې د ډسټرکټس د Salary component شامل دے۔دا چې کوم ډسټرکټ ته Single line figure ورکوی نو په دغه مد کښې ډیمانډ نه دے کړے د ډسټرکټ د پاره۔ په دې 2.64 بلین کښې مونږه ډیمانډ د ډسټرکټس د پاره نه دے۔ دا یوه خبره۔ مونږ صرف د ډسټرکټس د Salary کومComponent چې دے نو هغه په دیکښې شامل دے۔هغه تفصیلات موجود دی چې دا به په ډسټرکټ کښې چې څومره ملازمین دی، د هغه ملازمینو تعداد هم موجود، د هغوی Pay سکیل او هر څه موجود دی چې دا به هغوی ته پهSalary کښې ملاؤیږی۔ دا یوه خبره جی۔ دوئیم چې کوم د Autonomous Bodies دغه دے نو په هغې کښې قانونی پوزیشن مونږه وروستو دا معلوم کړو چې داAutonomous Bodies ته، دوی ته Autonomyورکړے شوې وه دا Financially هم آزاد شوې دی او د دې چې څومره Receipts دی، د هغې Income چې څومره دے نو هغه هم په هغه Autonomous Bodies کښې دے۔ دفترEven د هغوی OPDد پینځه روپو د چټ دا، چې نور فنانس ته راځی هغه دلته نه راځی۔ هغوی هلته پخپله دغه کوی۔ هغوی خپل بجټ پخپله تیاروی او دا چې کوم دغه دوی ته ملاؤیږی نو دا په هغه دغه کښې ئے لیکلئی هم دی چې دا د Grant-in-Aid په صورت کښې ملاؤیږی۔ا و دهغې د پاره هغوی دا فنانس والا، آرټیکل 164 د آئین Quote کوی چې دا آئین په آرټیکل 164 کښې دا خبره ده چې د دې مطابقGrant-in-Aid ته یو Institutions ته ورکولے شے

(مداخلت) زه عرض کوم،ما خبرې ته پریږدئی چې زه خبره Completeکړم۔ په آرټیکل 164 کښې دی چې Grant-in-Aid چې دے نو Autonomous Bodies ته حکومت چاته ورکولے شی۔ د هغې د تفصیلاتو ضرورت نشته خو سپیکر صاحب! که ستاسو رولنګ وی، دوی داpleaده چې سپیکر صاحب رولنګ ورکړے دے او د هغوی د رولنګ په نتیجه کښې مونږ داغواړو چې، نو که ستاسو رولنګ وی نو هغه مونږه honor کوؤ دا څه دغه نه ده البته که ستاسو

رولنگ پکښې نه وی نو قانونی پوزیشن د دې بیا دا دے چې حکومت Bound نه دے چې دوی ته تفصیلات او دغه ورکړی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ماته انتهائی افسوس دے چې منسټر صاحب ته چا د 164Definition، پته نه لږی چې چا هر څنګه کړے دے یا خو دوئی پخپله کتلے نه دے یا چې چا ورته کړے دے هغه ورته ډیر غلط Definition کړے دے۔ تاسو پخپله جی آرټیکل 164 را اوباسئ هغه خو جی بالکل څان له یوه جدا خبره ده۔ جناب سپیکر تاسو اولیکل۔

Mr. Speaker: The Federation or ………

جناب عبدالاکبر خان: هاں جی، زه ئے تاسو ته وایم جی۔ The Federation or a -----Province

وزیر صحت: سپیکرصاحب! Excuse me ، ماته دا آئین کاپی راکړئ، زما سره نشته، زه ئے پخپله باندے کتل غواړم۔

جناب عبدالاکبر خان: بالکل دا ورته د آئین کاپی ورکړئ۔ د سپیکرصاحب سره چې شته نو بس دغه مطلب دا دے چې د ټول هاؤس د پاره ده۔ The Federation، جناب سپیکر، اس آرٹیکل 164 کو دیکھیں۔

